# 5۔ الصراط السوی فی احوال المہدی

**ماڈل پیپر** 1　سلیبس: چند ضروری امور۔صفحہ 6 تا 20　(تحریری امتحان 20+ شفاھی امتحان 5: کل نمبر 25)

☆ درج ذیل سوالات میں سے کوئی تین کے جوابات تحریر کریں سوال نمبر 6 لازمی ہے:

**1**۔ تمہید کے چند ضروری امور میں سے پہلے امر کو اپنے الفاظ میں بیان کریں؟ (جواب تقریباً 200 الفاظ تک ہونا چاہیے)

**2**۔ دوسرے امر کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کریں؟ (جواب تقریباً 200 الفاظ تک ہونا چاہیے)

**3**۔ تیسرے امر کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کریں؟ (جواب تقریباً 100 الفاظ تک ہونا چاہیے)

**4**۔ چوتھے امر کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کریں؟ (جواب تقریباً 300 الفاظ تک ہونا چاہیے)

**5**۔ پانچویں امر کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کریں؟ (جواب تقریباً 200 الفاظ تک ہونا چاہیے)

**6**۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں؟

(۱) ان دو چیزوں کا ذکر کریں جو اسلام کا منبع ہیں اور اس کی حقیقت و صداقت کی دلیل ہیں؟

(۲) قرآن اندھی تقلید کی سخت مذمت کرتا ہے اور ان لوگوں کی سرزنش کرتا ہے جو اندھا دھند لایعنی رسومات اور مہمل و باطل عقائد کی پیروی کرتے ہیں۔اس سلسلے میں کوئی دو آیات تحریر کریں؟

(۳) محکم اور متشابہ آیات سے کیا مراد ہے؟

(۴) حدیث وہ درست ہے جو قرآن کے مطابق ہو اس مطابقت کا کیا معنی ہے؟

(۵) قرآن آیات کی طرح احادیث بھی محکم، متشابہ، عام، خاص، مطلق، مقید، مبہم مبین، مجمل، مفصل اور ناسخ و منسوخ ہوتی ہیں۔ لہٰذا ان کے اصل معنی و مفہوم کو معلوم کرنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

(۶) اپنی رائے سے قرآن کی تفسیر کرنے والے کے لیے کیا حکم ہے؟

(۷) اسماعیل بخاری نے بخاری شریف میں جو احادیث نقل کیں وہ علم حدیث اور روایت کے کس اصول کی بنا پر تھیں؟

(۸) بخاری شریف میں تمام احادیث صحیح نہ ہونے کی کم از کم دو مثالیں دیں؟

(۹) کیا اسلام کا دار و مدار اقوال علماء پر ہے اور انہیں پرکھنے کی ضرورت نہیں، وضاحت کریں؟

(۱۰) خروج مہدی آخرزمانؑ کا عقیدہ تمام اہل السلام میں متفق علیہ ہے پھر اختلاف کس بات پر ہے، بیان کریں؟

## شفاھی امتحان۔Viva

(1) تمہید کے ضروری امور سے کوئی سے تین امور کا خلاصہ اپنے الفاظ میں۔

(2) کوئی سے 10 معروضی سوالات۔

# 6۔ کشف الاسرار

**ماڈل پیپر** 1　　سلیبس: حقیقت و معیار نبوّت صفحہ 5 تا 36　(تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5: کل نمبر 25)

(حصّہ اوّل)

☆ درج ذیل سوالات میں سے کوئی 5 سوالات کے جوابات تحریر کریں۔　(ہر ایک کا جواب تقریباً 200 الفاظ تک ہونا چاہیے)

1. قرآن مجید، موجودات عالم کے سلسلہ ارتقاء اور معیّت قیومیہ (ملکوت) کا تذکرہ کرتے ہوئے ثابت کریں کہ اصولا معیار نبوت علم و قدرت ہی ہے؟ یا کتاب کے صفحہ 5 تا 15 تک کا خلاصہ اپنے لفظوں میں بیان کریں؟
2. قرآن مجید کی روشنی میں نبیؑ کی تعریف کریں نیز نبیؑ کی فصل ممیّز بھی بیان کریں؟
3. وحی جو نبیؑ کی فصل ممیّز ہے اور یہی وحی نبیؑ اور انسان میں وجہ امتیاز ہے۔ واضح کریں کہ یہ نبیؑ کی ذاتیات میں داخل ہے یا عوارض میں یعنی نفس ناطقہ انسانیہ کا ہی اثر خاص ہے؟ یا
علامہ ابن خلدون نے نبیؑ کی وحی کی توجیہ کرتے ہوئے کیا غلطی کی اور درست کیا ہے بیان کریں؟
4. انبیاءؑ کی طینت نورانیہ پر نوٹ لکھیں؟
5. خلقت انبیاءؑ عالم امر سے ہے یا عالم خالق سے، وضاحت کریں؟
6. انبیاءؑ کے مادہ نورانیہ کے خواص بیان کریں؟
7. قرآنی آیات سے وضاحت کریں کہ نبی کی نبوت روح قدس ہوتی ہے نہ کہ نفس ناطقہ انسانیہ سے؟
8. کیا نبیؑ بمعنی مخبر (خبر دینے والا) کے ہیں یا بمعنی رفعت کے ہیں۔ علامہ طبرسیؒ اور شیخ صدوقؒ کے بیانات کی روشنی میں وضاحت کریں؟

(حصّہ دوم)

☆ درج ذیل سوالات میں سے کوئی 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں:

1. اصولوں کے لحاظ سے کون سا دین سچا ہے؟
2. دین کو از روئے بصیرت اختیار کیا جائے یا تقلیدی طور پر، قرآن کی کسی ایک آیت کا حوالہ دیں؟
3. مادیات کے 6 درجے کون سے ہیں؟
4. ملکوت کسے کہتے ہیں، قرآن سے بیان کریں؟
5. نبی اور عام انسان کس طرح جنس میں مشترک ہیں اور نبی میں فصل ممیّز وحی ہے، آیت "قُلْ انما انا بشر مثلکم یُوحی اِلَیَّ" کی روشنی میں وضاحت کریں؟
6. فصل ممیّز ذاتیات میں داخل ہوتی ہے یا عوارض میں؟
7. انسان کی تعریف "الانسان حیوان ناطق" ہے اس میں ناطقیّت کو فصل ممیّز انسان قرار دیا گیا ہے وہ نفس ناطقہ انسانیہ کا اثر ہے یا نفس حیوانیہ کا؟
8. اگر دو چیزیں ایسی موجود ہوں ایک میں تو جملہ کمالات بالفعل موجود ہوں اور دوسری میں بالقوۃ تو دونوں میں کون سی چیز افضل ہے؟
9. آیت "علّم ادم الاسماء کلھا" میں علّم سے کیا مراد ہے؟
10. آیت "مَا مَنَعَكَ اَن تسجدَ لما خلقتُ بِیَدَیَّ" میں لفظ بیدیّ کی تفسیر میں کون سے تین پہلو ہیں؟
11. عالم امر اور عالم خلق سے کیا مراد ہے؟

**12.** روح نبوتی کس طرح وحی ربانی اور القاء شیطانی میں فرق کر سکتی ہے؟

**13.** حضورؐ شب معراج میں اپنے جسم عنصری کے ساتھ سدرۃ المنتہی سے آگے چلے گئے، مگر جبرائیلؑ نہ جاسکے، بنیادی وجہ کیا تھی؟

**14.** کسی لفظ کی تعریف یا توجیہ میں کیا فرق ہوتا ہے؟

**15.** نبیؑ کے لیے تحصیل علوم کا ذریعہ کیا ہوتا ہے؟

## شفاھی امتحان۔Viva

(1) ماڈل پیپر میں دیے گئے حصہ اول کے 8 سوالات میں سے کوئی تین کا خلاصہ

(2) حصہ معروضی میں سے کوئی سے 10 سوالات پوچھے جائیں گے

# 7۔ تاریخ اسلام

**ماڈل پیپر** 1　سلیبس: پہلی فصل صفحہ 10 تا 47　(تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5: کل نمبر 25)

**1۔** درج ذیل موضوعات میں سے کوئی 3 پر نوٹ لکھیں؟ (ہر ایک کا جواب 150 الفاظ تک ہونا چاہیے)

(ا) جنوبی جزیرۃ العرب (یمن) کے حالات (۲) مآرب بند کی تباہی (۳) شمالی جزیرۃ العرب کے حالات

(۴) قبائلی نظام (۵) قبائلی تعصب (۶) غارت گری اور آدم کشی (۷) عورت کی زبوں حالی (ٹریجڈی)

**2۔** درج ذیل سوالات میں کوئی 8 کے مختصر جوابات دیں:

(ا) عرب اور عجم کے جغرافیہ نویسوں نے جزیرۃ العرب کو کون کون تین بنیادی علاقوں میں تقسیم کیا ہے؟

(۲) کون کون سی حکومتیں یمن کے علاقے میں زمانہ قبل مسیح قائم تھیں؟

(۳) ایک زمانے تک مشرق وسطیٰ کی تجارت کس طرح یمن والوں کے ہاتھ میں تھی؟

(۴) مآرب بند کی تباہی کیسے ہوئی؟

(۵) حجاز کا علاقہ سلاطین اور فاتحین عالم کے حملوں اور تسلط سے محفوظ رہا؟

(۶) حجاز کے لوگوں کے سماج کی بنیاد کس چیز پر تھی؟

(۷) دین اسلام نے قبیلہ جاتی نظام سے جنگ کی اور اس کو ختم کیا اور حسب نسب جو اس نظام کی بنیاد تھی اس کو اہمیت نہیں دی، کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اسلام نے نئے اسلامی معاشرے کی بنیاد کن چیزوں پر استوار کی؟

(۸) قبائلی عرب کس علم کے جاننے والے کو زیادہ اہمیت دیتے تھے؟

(۹) رہزنی اور غارت گری کے بارے میں بدو عرب کیا نظریہ رکھتے تھے؟

(۱۰) عرب قبائلی سماج میں لڑکیوں کو میراث کے قابل کیوں نہیں سمجھا جاتا تھا؟

## شفاھی امتحان۔Viva

(1) مجوزہ سلیبس میں سے کوئی سے تین عناوین۔

(2) معروضی میں سے کوئی 10 سوالات پوچھے جائیں گے۔

# 8۔ معاشرت اسلامی

**ماڈل پیپر** 1 سلیبس: باب 1، 2، 3، 4۔ حصّہ اوّل (تحریری امتحان 20 + شفاہی امتحان 5: کل نمبر 25)

**1**۔ درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں:

(۱) حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے مطابق آدمیوں کی کون سی پانچ قسمیں ہیں کے ساتھ ہر گز ہر گز مصاحبت اور رفاقت نہیں کرنی چاہیے؟

(۲) چھینکیں آنا پانچ قسم کی بیماریوں سے بچاتا ہے وضاحت کریں؟

(۳) وہ کون سی تین باتیں ہیں جن کی رازداری ضروری نہیں؟

(۴) حضرت علیؑ کی کسی ایک فضیلت کا ذکر کرنا، دل سے اقرار کرنا، لکھنا اور سننا اللہ کے نزدیک کیا ثواب رکھتا ہے؟

(۵) حضورؐ نے کن لوگوں سے رائے طلب کرنے سے منع فرمایا اور کیوں؟

(۶) ڈکار آنے کے بعد کیا پڑھنا چاہیے؟

**2**۔ درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں:

(۱) مردوں کے لیے کون سے کپڑے پہننا حرام ہے اور کن کپڑوں میں احتیاط برتنی چاہیے؟

(۲) رسولؐ خدا نے کن مردوں اور کن عورتوں پر لعنت کی ہے؟

(۳) نیا کپڑا پہننے کا کیا حکم ہے؟

(۴) جناب رسولؐ خدا اور اہل بیتؑ کس قسم کا کپڑا پہنتے تھے اور کون سا رنگ پسند فرماتے تھے؟

(۵) جس گروہ پر پروردگار خاص شفقت فرماتے ہیں حضرت علیؑ نے اس گروہ کی کیا علامات بیان فرمائی ہیں؟

(۶) مومنین کو اللہ کے دشمنوں کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہیے؟

3۔ درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں:

(۱) مرد اور عورت کو انگوٹھی کس ہاتھ میں پہننا چاہیے؟

(۲) امامؑ نے شیعہ کی کون کون سی 6 علامات کا ذکر کیا ہے؟

(۳) عقیق کی انگوٹھی کی کوئی چار فضیلتیں بیان کریں؟

(۴) کوئی سے پانچ انبیاءؑ اور پانچ آئمہؑ کے نگینوں کے نقوش بیان کریں؟

(۵) سرمہ لگانے کی کوئی پانچ فضیلتیں بیان کریں؟

(۶) حنا کے خضاب کے کوئی سے چار فوائد بیان کریں؟

**4**۔ درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں:

(۱) لذیذ کھانا کھانے اور دوسروں کو کھلانے میں اہل بیت علیہ السلام کیا فرماتے ہیں؟

(۲) کھانا کھانے کے 14 آداب میں سے کوئی سے 12 بیان کریں۔

(۳) مرغی کا انڈا کھانے کے کم از کم دو فوائد بیان کریں؟

(۴) وہ کون سا میوہ ہے اگر گرمیوں میں کھایا جائے تو پھوڑے پھنسیاں نکل آتی ہیں اور اگر سردیوں میں کھایا جائے تو گردے گرم رہتے ہیں اور سردی کم معلوم ہوتی ہے؟

(۵) کھانے سے پہلے اور بعد نمک کے فوائد بیان کریں؟

(۶) جن لوگوں نے کھانے کی بے قدری کی اور انہیں کیا سزا ملی۔ واقعہ بیان کریں؟

**5**۔ درج ذیل جملوں پر غور کریں ان میں درست جملے پر (✓) اور غلط جملے پر یہ (✗) نشان لگائیں:

(۱) سلام کرنا سنت ہے اور جواب دینا بھی سنت ہے۔

(۲) بے وفا سے محبت کرنا اس کو وفادار بنا دیتا ہے۔

(۳) زیادہ مزاح کرنے سے چہرے کی رونق بڑھ جاتی ہے۔

(۴) ایک آدمی میں یہی خوبی کافی ہے کہ لوگوں کو کسی ایسی عادت کی نسبت برا بھلا کہے جسے وہ خود نہیں چھوڑ سکتا۔

(۵) اگر کوئی شخص رائے دیتے وقت جس بات میں اس شخص کی بہتری جانتا ہو وہ نہ کہے تو خدا اس کی عقل اور رائے سلب کر لیتا ہے۔

(۶) اونی کپڑا بغیر ضرورت کے نہیں پہننا چاہیے۔

(۷) سیاہ جوتا بینائی تیز کرتا ہے۔

(۸) قبرستان میں پاخانہ پھرنے والا شخص ممکن ہے کہ دیوانہ ہو جائے۔

(۹) عورتوں کو صرف شادی اور عید پر زیور پہننا چاہے۔

(۱۰) رسولؐ خدا طاق سلائیاں دونوں آنکھوں میں لگایا کرتے تھے۔

(۱۱) بوڑھی عورت کو مہندی نہیں لگانی چاہیے۔

(۱۲) آئینے میں اپنا چہرہ بالوں کو سیٹ کرنے کے لیے دیکھنا چاہیے۔

(۱۳) اللہ کے نزدیک سب سے بہتر خضاب سیاہ رنگ کا ہے۔

(۱۴) دانتوں کو سونے کے تار سے باندھنا جائز ہے۔

(۱۵) مردوں کے لیے سر اور داڑھی کا خضاب کرنا اور عورتوں کے لیے سر کے بالوں کا خضاب کرنا سنت ہے۔

## شفاھی امتحان۔Viva

(1) چاروں ابواب میں سے کوئی دو دو سوالات پوچھے جائیں گے۔

(2) درست یا غلط جملوں میں سے کوئی 9 سوالات پوچھے جائیں گے۔